بنك الشارقة
Bank of Sharjah

# اہم حقائق کی اسٹیٹمینٹ (KFS)

## افراد کے لیے کرنٹ اور سیونگ اکاؤنٹس

**پروڈکٹ کی تفصیل:**

**کرنٹ اکاؤنٹ** ایک نان انٹرسٹ بیئرنگ بینک اکاؤنٹ ہے جسے آپ اپنی روزمرہ ٹرانزیکشن کی ضروریات کے لیے استعمال کر سکتے ہیں، جن میں تنخواہ کی منتقلی، ڈپازٹس، رقم نکلوانا، ادائیگیاں اور فنڈز ٹرانسفر شامل ہیں۔

**یونیورسل اکاؤنٹ** ایک کم لاگت والا نان-انٹرسٹ بیئرنگ بینک اکاؤنٹ ہے جو بنیادی بینکنگ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، جن میں تنخواہ کی منتقلی، نقد رقم نکلوانا، ادائیگیاں اور ڈیجیٹل بینکنگ سروسز شامل ہیں۔

**سیونگ اکاؤنٹ** ایک نان انٹرسٹ/انٹرسٹ بیئرنگ بینک اکاؤنٹ ہے جو آپ کی بچت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے فراہم کیا جاتا ہے۔

| کرنٹ اکاؤنٹ | سیونگ اکاؤنٹ |
|---|---|
| انفرادی متحدہ عرب امارات کے رہائشی صارفین (تنخواہ دار اور غیر تنخواہ دار) | انفرادی متحدہ عرب امارات کے رہائشی اور غیر رہائشی صارفین |

**ہم تنخواہ کی تعریف کیسے کرتے ہیں:**

تنخواہ سے مراد وہ رقم ہے جو ماہانہ بنیاد پر باقاعدگی سے آپ کے اکاؤنٹ میں منتقل کی جاتی ہے، جس میں کوئی بھی مقررہ الاؤنسز، مراعات یا فوائد شامل ہوں، جہاں ادائیگی کو "تنخواہ" یا اسی طرح کی کسی وضاحت کے طور پر بیان کیا گیا ہو۔ کبھی کبھار یا علیحدہ طور پر کی جانے والی ادائیگیاں، جن میں غیر باقاعدہ الاؤنسز اور مراعات شامل ہیں، اہلیت کے مقاصد کے لیے آپ کی تنخواہ کا حصہ تصور نہیں کی جائیں گی۔

**اکاؤنٹ کی اقسام اور اہم فیچرز:**

| فیچر | اکاؤنٹ کی قسم | | |
|---|---|---|---|
| | **کرنٹ** | **یونیورسل** | **سیونگز** |
| بنیادی مقصد | روزمرہ ٹرانزیکشنز | روزمرہ ٹرانزیکشنز | سیونگ |
| چیک بک** | ہاں | نہیں | نہیں |
| ڈیبٹ کارڈ | ہاں | ہاں | ہاں |
| آن لائن/موبائل بینکنگ | ہاں | ہاں | ہاں |
| قابلِ ادائیگی منافع | نہیں | نہیں | *جی ہاں، جہاں قابلِ اطلاق ہو |
| ATM ڈپازٹ کی لمٹ (روزانہ/سنگل) | AED 40,000 | AED 10,000 | AED 40,000 |
| ATM سے رقم نکلوانے کی لمٹ | AED 25,000 | AED 5,000 | AED 25,000 |
| ڈیبٹ کارڈ روزانہ خریداری کی لمٹ | AED 25,000 | AED 5,000 | AED 25,000 |
| اسٹیٹمنٹس | ماہانہ | ماہانہ | ماہانہ |
| کرنسی | AED, USD, GBP, EUR | AED | AED, USD, GBP, CHF, EUR |

* منافع کی شرحیں وقتاً فوقتاً بینک کی شرائط اور قابلِ اطلاق قانون کے مطابق تبدیل ہو سکتی ہیں۔ منافع ہر ماہ برقرار رکھی گئی کم از کم رقم پر ماہانہ بنیاد پر شمار کیا جاتا ہے اور ششماہی بنیاد پر آپ کے اکاؤنٹ میں جمع کر دیا جاتا ہے۔ تازہ ترین شرحیں برانچ میں دستیاب ہیں۔

**چیک بکس معیاری طور پر 10 صفحات (پہلی چیک بک) کے ساتھ آتی ہیں اور اس کے بعد معیاری طور پر 25 صفحات پر مشتمل ہوتی ہیں۔

**اہلیت کا معیار**

| اہلیت کا معیار | کرنٹ اکاؤنٹ** | یونیورسل اکاؤنٹ | سیونگز اکاؤنٹ |
|---|---|---|---|
| عمر | *21 | *21 | 18 |
| رہائش | رہائشی | رہائشی | رہائشی اور غیر رہائشی |
| شناخت | امارات آئی ڈی | امارات آئی ڈی | امارات آئی ڈی (مقیم)، پاسپورٹ (غیر مقیم) |
| تنخواہ کی منتقلی درکار | نہیں | نہیں | نہیں |
| آمدنی کی ضروریات | N/A | یہ اکاؤنٹ صرف اُن افراد کو فراہم کیا جاتا ہے جن کی کل ماہانہ آمدنی AED 5,000 فی مہینہ یا اس سے کم ہو۔ | N/A |
| دیگر | N/A | درخواست کے وقت آپ کے پاس متحدہ عرب امارات میں کوئی دوسرا فعال کرنٹ یا سیونگ اکاؤنٹ موجود نہیں ہونا چاہیے۔ | N/A |

* 18 سے 21 سال عمر کے صارفین کرنٹ اکاؤنٹ یا یونیورسل اکاؤنٹ کھولنے کے اہل ہیں، تاہم یہ بعض پروڈکٹ پابندیوں کے تابع ہوگا۔ چیک بک فراہم نہیں کی جائے گی، اور بعض سروسز تک رسائی بینک کی پالیسیوں اور ریگولیٹری تقاضوں کے مطابق محدود ہو سکتی ہے۔
** اہل نابالغ افراد والدین یا قانونی سرپرست کے اکاؤنٹ سے منسلک اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں، جو بینک کی پالیسیوں اور قابلِ اطلاق ضوابط کے تابع ہوگا۔

# افراد کے لیے کرنٹ اور سیونگ اکاؤنٹس

**آپ کیا ادائیگی کریں گے - اہم چارجز:**

| فیس/معیار | اکاؤنٹ کی قسم | | |
|---|---|---|---|
| | کرنٹ | یونیورسل | سیونگز |
| کم از کم بیلنس رقم | AED 3,000 یا غیر ملکی کرنسی میں 3,000 یا تنخواہ کی منتقلی | کوئی کم از کم بیلنس نہیں | AED 3,000 یا غیر ملکی کرنسی میں 3,000 یا تنخواہ کی منتقلی |
| کم از کم بیلنس برقرار نہ رکھنے پر ماہانہ فیس | AED 25, USD 20, GBP 10, EUR 20 | کوئی فیس نہیں | AED 25, USD 20, GBP 10, EUR 20, CHF 20 |
| عارضی ڈیبٹ بیلنس پر منافع | AED 20 + 15%، ماہانہ بنیاد پر وصول کیا جائے گا | AED 20 + 15%، ماہانہ بنیاد پر وصول کیا جائے گا | N/A |
| نان BOS ATM-سے نقد رقم نکلوانا | ہر ماہ چار (4) ٹرانزیکشنز بغیر کسی چارج کے مفت ہیں۔ اضافی ٹرانزیکشنز پر فی ٹرانزیکشن AED 2 (بشمول VAT) چارج کیا جائے گا۔ | ہر ماہ چار (4) ٹرانزیکشنز بغیر کسی چارج کے مفت ہیں۔ اضافی ٹرانزیکشنز پر فی ٹرانزیکشن AED 2 (بشمول VAT) چارج کیا جائے گا۔ | ہر ماہ چار (4) ٹرانزیکشنز بغیر کسی چارج کے مفت ہیں۔ اضافی ٹرانزیکشنز پر فی ٹرانزیکشن AED 2 (بشمول VAT) چارج کیا جائے گا۔ |
| اکاؤنٹ بند کرنے کے چارجز | اگر اکاؤنٹ 180 دن سے کم مدت میں بند کیا جائے تو AED 100 بمعہ VAT چارج کیا جائے گا۔ | اگر اکاؤنٹ 180 دن سے کم مدت میں بند کیا جائے تو AED 100 بمعہ VAT چارج کیا جائے گا۔ | اگر اکاؤنٹ 180 دن سے کم مدت میں بند کیا جائے تو AED 100 بمعہ VAT چارج کیا جائے گا۔ |
| مکمل تفصیلات کے لیے فیس اور چارجز کے شیڈول ملاحظہ کریں (https://www.bankofsharjah.com/en/rates-fees-charges) | | | |

**بنیادی ذمہ داریاں:**

آپ کے بینک آف شارجہ کے درمیان تعلق کو منظم کرنے والی شرائط و ضوابط آپ کو نیا اکاؤنٹ کھولنے کے لیے دستخط کرنے سے پہلے جائزے کے لیے فراہم کیے جائیں گے۔ یہ شرائط و ضوابط آپ اور بینک کے درمیان حقوق، ذمہ داریوں اور فرائض کا تعین کرتے ہیں۔ درج ذیل حصے اکاؤنٹ کے لیے درخواست دیتے وقت آپ کی بعض اہم ذمہ داریوں کو نمایاں کرتے ہیں۔

## آپ کی بنیادی ذمہ داریاں

آپ کو ہر وقت درست اور تازہ ترین معلومات فراہم کرنا ہوں گی، جن میں شناختی اور رابطے کی تفصیلات شامل ہیں۔ اس میں شامل ہیں لیکن صرف انہی تک محدود نہیں: آپ کی رہائشی حیثیت، ٹیکس حیثیت، شناختی دستاویزات، ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں بینک کی شرائط اور قابلِ اطلاق ضوابط کے مطابق آپ کے اکاؤنٹ پر پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں یا اکاؤنٹ بند کیا جا سکتا ہے۔

آپ کو کسی بھی فیس سے بچنے کے لیے کم از کم اوسط بیلنس برقرار رکھنا ہوگا یا جہاں قابلِ اطلاق ہو تنخواہ منتقل کرنا ہوگی۔ نوٹ کریں کہ یہ یونیورسل اکاؤنٹ پر لاگو نہیں ہوتا۔

آپ کو اپنے کارڈز، سیکیورٹی تفصیلات، چیک بک، اور دیگر تمام سیکیورٹی ذرائع کو محفوظ رکھنے کے لیے تمام معقول احتیاطی تدابیر اختیار کرنی ہوں گی تاکہ دھوکہ دہی سے استعمال کو روکا جا سکے۔ اگر آپ کو غیر استعمال شدہ چیکس کی مزید ضرورت نہ ہو تو براہِ کرم یا تو انہیں بینک کو واپس کر دیں یا تو ضائع کر دیں۔

اگر آپ کے اکاؤنٹ یا کارڈز پر کوئی غیر مجاز ٹرانزیکشن کی جائے، یا آپ کے کارڈز گم یا چوری ہو جائیں، تو آپ کو فوری طور پر ہمیں مطلع کرنا چاہیے۔

ہم توقع کرتے ہیں کہ آپ کو بھیجے گئے کسی بھی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کی درستگی کی تصدیق کریں گے، اور اگر اسٹیٹمنٹ موصول ہونے کے 30 دن کے اندر کوئی تضاد موجود ہو تو ہم سے رابطہ کریں گے۔

چیک جاری کرنے سے پہلے آپ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ آپ کے اکاؤنٹ میں کافی رقم موجود ہے۔

اگر ناکافی فنڈز کی وجہ سے کوئی چیک بغیر ادائیگی کے واپس آتا ہے، تو ہم قابلِ اطلاق چارجز عائد کر سکتے ہیں یا متحدہ عرب امارات کے قابلِ اطلاق ضوابط کے مطابق آپ کا اکاؤنٹ بند کر سکتے ہیں۔ ہم واپس ہونے والے چیکس اور متعلقہ اکاؤنٹ کی تفصیلات متحدہ عرب امارات کے UAE کریڈٹ بیورو اور دیگر متعلقہ حکام کو بھی رپورٹ کر سکتے ہیں۔

# افراد کے لیے کرنٹ اور سیونگ اکاؤنٹس

یہ آپ کی ذمہ داریوں کی مکمل فہرست نہیں ہے۔ آپ کو بینک آف شارجہ کے ساتھ اپنے تعلق کے دوران تمام شرائط و ضوابط کی پابندی کرنا ہوگی۔

اگر آپ شرائط و ضوابط کی تعمیل نہیں کرتے، تو فیس، چارجز یا پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں۔ ہم یہ حق بھی محفوظ رکھتے ہیں کہ آپ کا اکاؤنٹ معطل یا بند کر دیں یا آپ کے ساتھ اپنے تعلق کا خاتمہ کر دیں۔ کوئی بھی بقایا رقم فوری طور پر واجب الادا ہو سکتی ہے، فوائد واپس لیے جا سکتے ہیں، اور ہم وصولی کے اقدامات کر سکتے ہیں، جن میں قانونی کارروائی اور کریڈٹ بیورو کو رپورٹ کرنا شامل ہے، جو آپ کی کریڈٹ ریٹنگ کو متاثر کر سکتا ہے۔ اضافی پروڈکٹس یا سروسز علیحدہ شرائط و ضوابط کے تابع ہو سکتی ہیں۔

**پابندیاں، غیر فعالیت اور ڈارمینسی:**

اگر آپ کا اکاؤنٹ غیر فعال یا ڈارمینٹ ہو جاتا ہے، تو بعض سروسز اور ٹرانزیکشنز پر پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں۔ اکاؤنٹ کو بینک کے طریقہ کار اور قابلِ اطلاق ضوابط کے مطابق دوبارہ فعال کیے جانے تک اضافی کنٹرولز لاگو ہو سکتے ہیں۔

**کولنگ آف مدت (منسوخ کرنے کا آپ کا حق):**

آپ اپنی اکاؤنٹ درخواست پر دستخط کرنے کی تاریخ سے 5 کاروباری دنوں کے اندر (کولنگ آف مدت) اپنی درخواست منسوخ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ منسوخ کرنا چاہتے ہیں، تو براہِ کرم اس مدت کے اندر بینک کو مطلع کریں۔ اگر ہمیں آپ کی جانب سے کوئی اطلاع موصول نہ ہو، تو آپ کی درخواست معمول کے مطابق جاری رہے گی۔

آپ کولنگ آف مدت کے دوران اپنے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، بشرطیکہ ہماری اپنے کسٹمر کو جانیں (KYC) اور تعمیلی جانچ مکمل ہو۔

اگر آپ کولنگ آف مدت کے اندر منسوخ کرتے ہیں، تو منسوخی سے پہلے کی گئی ٹرانزیکشنز پر لاگو ہونے والی کسی بھی فیس یا چارجز کی ادائیگی آپ کو کرنا ہوگی۔

آپ کے پاس یہ حق موجود ہے کہ بینک کی فراہم کردہ تحریری دستبرداری پر دستخط کر کے کولنگ آف مدت سے دستبردار ہو جائیں۔

**شکایت درج کروانے کا آپ کا حق:**

آپ ہمیں Complain@bankofsharjah.com پر ای میل کر کے 971 6 5113395+ پر کال کر کے، یا ہماری ویب سائٹ پر"**ہم سے رابطہ کریں**" سیکشن میں دستیاب شکایت فارم مکمل کر کے شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

اگر آپ کی شکایت آپ کے اطمینان کے مطابق حل نہ ہو، تو آپ معاملہ Sanadak (متحدہ عرب امارات کے آزاد مالیاتی محتسب) کے پاس ان کی ویب سائٹ www.sanadak.gov.ae کے ذریعے بھیج سکتے ہیں۔

**اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ:**

اسٹیٹمنٹس ماہانہ بنیاد پر آپ کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر بھیجے جائیں گے۔

**اضافی معلومات:**

بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ اپنی شرائط و ضوابط (بشمول متعلقہ درخواستوں اور دستاویزات) میں 60 دن پہلے نوٹس دے کر ترمیم یا بعض تبدیلیاں کر سکے، الا یہ کہ کسی قانون یا ضابطے کے تحت فوری طور پر ایسا کرنا ضروری ہو۔

⚠ انتباہی بیانات – اہم خطرات

- آپ کو کسی بھی پروڈکٹ یا سروس کے لیے درخواست دینے سے پہلے تمام شرائط اور فیس کا بغور جائزہ لینا چاہیے۔
- مطلوبہ بیلنس برقرار نہ رکھنے کی صورت میں آپ کے اکاؤنٹ پر فیس یا پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں۔
  نوٹ: یہ یونیورسل اکاؤنٹ پر لاگو نہیں ہوتا۔
- آپ کو اپنی ذاتی، شناختی اور رابطے کی تفصیلات درست اور تازہ ترین رکھنی ہوں گی، کیونکہ ایسا نہ کرنے کی صورت میں اکاؤنٹ پر پابندیاں لگ سکتی ہیں یا اکاؤنٹ بند کیا جا سکتا ہے۔
- بعض سروسز، ٹرانزیکشنز یا تھرڈ پارٹی چارجز (مثلاً بین الاقوامی ٹرانسفرز) پر بینک کے کنٹرول سے باہر اضافی فیس لاگو ہو سکتی ہے۔
- ایکسچینج ریٹ میں اتار چڑھاؤ غیر ملکی کرنسی ٹرانزیکشنز کی مالیت کو متاثر کر سکتا ہے۔
- غلط یا نامکمل معلومات فراہم کرنے کی صورت میں تاخیر، پابندیاں یا سروسز سے انکار ہو سکتا ہے۔
- آپ ہر وقت اپنے اکاؤنٹ کی تفصیلات، کارڈز اور بینکنگ اسناد کو محفوظ رکھنے کے ذمہ دار ہیں۔
- غیر مجاز ٹرانزیکشنز کی فوری طور پر بینک کو اطلاع دینا ضروری ہے۔
- بینک قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط کے مطابق آپ کے اکاؤنٹ پر پابندی لگا سکتا ہے، اسے معطل کر سکتا ہے یا بند کر سکتا ہے۔
- فیس، چارجز اور پروڈکٹ کی خصوصیات قابلِ اطلاق قوانین کے مطابق پیشگی نوٹس کے ساتھ تبدیل کی جا سکتی ہیں۔
- سروس میں تعطل سے بچنے کے لیے فعال اور ضوابط کے مطابق اکاؤنٹ برقرار رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے۔
- آپ کے بینکنگ پروڈکٹس کے استعمال پر اضافی شرائط و ضوابط لاگو ہو سکتے ہیں۔

**مزید تفصیلات اور تازہ ترین قیمتوں کے لیے براہِ کرم ہمارے سروسز اور ٹیرف کا شیڈول ملاحظہ کریں:**

**https://www.bankofsharjah.com/en/rates-fees-charges**

# افراد کے لیے کرنٹ اور سیونگ اکاؤنٹس

**اقرار اور رضامندی:**

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ مجھے اس اہم حقائق کے بیان (KFS) کی ایک نقل موصول ہوئی ہے، اور میں نے اسے، بشمول اس پروڈکٹ سے متعلق فیس، چارجز، اہم شرائط اور خطرات، پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔

میں تسلیم کرتا/کرتی ہوں کہ یہ دستاویز صرف ایک خلاصہ فراہم کرتی ہے، اور مجھے آگے بڑھنے سے پہلے مکمل شرائط و ضوابط کا جائزہ لینے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

اس اہم حقائق کے بیان پر دستخط کر کے، آپ تصدیق کرتے ہیں کہ بینک نے آپ کو اس پروڈکٹ کی وضاحت، بشمول کسی بھی اہم خطرات، پابندیوں، ذمہ داریوں، ممکنہ منافع یا ایکسچینج ریٹ میں اتار چڑھاؤ اور قابلِ اطلاق فیس، واضح اور آسان زبان میں فراہم کی ہے۔ ہم نے آپ کے لیے دستیاب مناسب آپشنز پر بھی بات چیت کی ہے، جن میں بینک کی جانب سے پیش کردہ کم ترین لاگت والا آپشن بھی شامل ہے جو آپ کی ضروریات پوری کرتا ہے، تاکہ آپ باخبر فیصلہ کر سکیں۔

کسٹمر کا نام: ______________________________

دستخط: ______________________________

تاریخ: ______________________________